پاسپورٹ پروگرام

پاسپورٹ پروگرام ایک خرچ کی ہو ئ رقم واپس کرنیوالا پروگرام ہے جو ' ان بالغوں کو اپنی کمیونٹی میں حصّہ لینے میں مددکرتا ہے جن میں افزائشی معذوری ہوتی ہے۔ آپ اپنی مرضی سے یا تو براہ راست رقم وصول کرسکتے ہیں، یا اپنی ایجنسی کے ذریعہ اپنی معاونت اور خدمات خرید سکتے ہیں. پاسپورٹ پروگرام، سروسز اور خدمات کیلئے مالی امداد فراہم کرتا ہے تا کہ آپ:

- کمیونٹی کلاسوں یا تفریحی پروگراموں میں حصّہ لیں۔
- روزگار، رضاکارانہ کام، اور روزمرہ کی زندگی کی مہارت کو فروغ دیں۔
- ایک معاون کارکن کو ملازمت دیں۔
- اپنے مقاصد تک پہنچنے کیلئے اپنی زندگی کا ایک منصوبہ بنائیں (جسے انسان کی ہدایتی منصوبہ بندی Person-directed planning کہا جاتا ہے)۔
- اپنی دیکھ بھال کرنے والوں کے لئے عارضی وقفہ مہیّا کریں۔

مزید معلومات کی ضرورت ہے؟

یہ معلوم کرنے کیلئے کہ آپ کے علاقے میں کونسی خدمات دستیاب ہیں، یا درخواست دینے کے لئے، 211پر کال کرکے اپنے علاقے کے افزائشی خدمات اونٹاریو (Developmental Services Ontario) ڈی ایس او سے رابطہ کریں، یا اپنے علاقے کے ڈی ایس او کو تلاش کرنے کیلئے dsontario.ca کا ملاحظہ کریں۔

DSO
Developmental Services Ontario

ہم سے رجوع فرمائیں!

dsontario.ca

نوئمبر 2018